Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء	جلد ۳۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تنزل و تبادلہ منشی سریرام پیشکار	۱
۲	تقرر حسن رضا خان پیشنر	۲
۳	تقرر میر محمد عظمت اللہ خان صاحب بعہدہ سپرنٹنڈنٹ آبکاری	″
۴	تقرر منشی سریرام بعہدہ پیشکاری صاحب فائنانس سکریٹری بہادر	″
۵	مزید رخصت احمد منو سپاہی	″
۶	مزید رخصت تحصیلدار صاحب	″
۷	متعلق واگذاری اسباب دیہات	″
۸	نقشہ بارش نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تبادلہ و تنزل

۲۹ جون سنہ ۱۹۲۲ء

بملاحظہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر محکمہ تعمیرات و صنعت و حرفت منشی سریرام پیشکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر محکمہ فیکٹریز مشاہرہ دار پچاس روپیہ ماہوار کی ترقی دس روپیہ ماہوار عطیہ ۱۱ جون سنہ ۱۹۲۲ء و عہدہ پیشکاری بوجہ عدم ضرورت انجام دہی کار پیشکاری وغیرہ مسدود کئے گئے - اور وہ ہیڈ فیکٹریز میں اپنے سابقہ مشاہرہ چھبیس روپیہ ماہوار پر بعہدہ اسٹور کیپر مقرر کیا گیا۔

تقرر

یکم جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر۔ حسن رضا خان پنشنر فوج انگریزی وانعام یافتہ تمغۂ اسکواڈرن ریاست ہذا کا تقرر بمشاہرہ ساٹھ روپیہ ماہوار بعہدۂ رسالداری بجائے صابر رضا خان رسالدار ماونٹڈ پولیس مشاہرہ دار پچھتر روپیہ ماہوار کے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

میجر محمد عظمت اللہ خان حاکم صدر وسپرنٹنڈنٹ آبکاری تھے۔ انکو پانچسو پچھتر روپیہ ماہوار تنخواہ ملتی تھی۔ ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء تک انہون نے کام ان عہدون کا انجام دیا۔ لہذا اٹھارہ دن کی تنخواہ بحساب ۵۷۵ ماہوار دیجائے۔

۲۔ سن ابتدا ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء لغایت ۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء وہ ریاست سے باہر رہے اور ۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء کو واپس آئے۔ اس زمانہ کی تنخواہ کے وہ مستحق نہین ہین۔

۳۔ سن ابتدا ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۲ء میجر محمد عظمت خان کو مشاہرہ چارسو پچھتر روپیہ ماہوار جو انکو حاکم صدر ہونے سے پہلے بحیثیت سپرنٹنڈنٹ آبکاری ملتے تھے سپرنٹنڈنٹ آبکاری مقرر کیا جاتا ہی۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
تقرر

۴ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب عرضداشت صاحب فائننشل سکریٹری بہادر۔ تقرر منشی سرپرام کا بعہدۂ پیشکاری بدفتر صاحب موصوف العہدہ بوجہ عدیم الفرصتی اکاونٹنٹ وپیشکار موجودہ بمشاہرہ پینتالیس روپیہ ماہوار یکم جولائی سنہ حال سے منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر
رخصت

یکم جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

حسب تحریر صاحب میونسپل افسر۔ مزید رخصت سہ ماہ شوکت علیخان میونسپل کمشنر کی بوجہ علالت بعوض سابق محمد عبدالجبار خان یوم ختم رخصت اولے سے منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
رخصت

۲ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

منشی محمد جمیل خانصاحب تحصیلدار ملک کی مزید رخصت یکمفتہ بوجہ علالت دختر صاحب موصوف یکم جولائی سنہ ۱۹۲۲ء سے منظور ہوئی۔ زمانۂ رخصت مین مصطفے حسین خان نائب تحصیلدار ملک معمولی وضروری کام انجام دینگے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۳ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

بسلسلہ ترمیم قانون دستور العمل متعلقہ نیلامات واگزاری اسباب جلسہ کمیٹی ۵ مئی سنہ ۱۹۱۸ء و ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۸ء مین طے ہوچکا ہی کہ کسانون کے چھپر کھاد کوڑہ واگزاری سے مستثنے رکھے جائین۔ اور واقعی چھپرونکے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے مین ظاہر ہی کہ چھپر خراب اور بیکار ہوجاتے ہین۔ اسکے علاوہ کسانون کے چھپر جدا کرنے سے صریحی ویرانی موضع کی نمایان ہوتی ہی جسکا اثر موضع پر نہایت خراب پڑیگا اس لئے چھپرونکا مستثنے کیا جانا ضروری ہی۔ جملہ تحصیلداران کو باجرائے نقول روبکار اطلاع دیجائے کہ کبھی کوئی تحصیلدار بحالت واگزاری اسباب کاشتکاران چھپر۔ کھاد۔ کوڑے کی واگزاری کا حکم صادر نہ کیا کرین۔

حکم ہوا کہ ۔ نقول روبکار ہذا تعمیلاً جملہ تحصیلداران کے پاس مرسل ہون ایک ایک نقل نظامت وبندوبست اسسٹنٹی مین بھیجی جائے۔ ایک نقل برائے اندراج مطبع سرکاری کو ارسال ہو۔ ایک نقل فائل بکمین چسپان کیجائے۔

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے یکم جولائی لغایت ۷ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
یکم جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم شنبہ	۳	۲۷½	۱۰	۲۶	۰	۰	۰	۳۵	۰	۰	۱۰	۳۷
۲ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم یکشنبہ	۳	۳۰½	۲	۲۸	۱۸	۳۸	۰	۰	۶	۳۱	۵	۴۲
۳ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم دوشنبہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۴ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم سہ شنبہ	۳	۳۳½	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۵	۴۷
۵ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم چہارشنبہ	۴	۳۷½	۲۰	۲۸	۶	۴۴	۰	۰	۲	۲۷	۱۱	۵۸
۶ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم پنجشنبہ	۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۹	۴۴	۰	۰	۱۰	۶۸
۷ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء یوم جمعہ	۰	۰	//	۰	//		نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۳ لغایت ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۵ ر	۵ ار	۱۰۵ ار	۱۰۵ ار		۱۰۵ ار	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۷ ار	۷½ ار	۸ ار	۷ ار		۸ ار	
نخود کرد آمیز	۸ ار	۹ ار	۹ ار	۸½ ار		۹½ ار	
[illegible]	۹ ار	۰	۹ ار	۹ ار		۱۰۹ ار	
ماش	۱۰۵ ار	۷½ ار	۵ ار	۶ ار		۶ ار	
مونگ	۵ ار	۰	۴ ار	۵ ار		۵ ار	
مکا	۰	۰	۰	۱۰۵ ار		۶ ار	
جئی	۱۰ ار	۰	۱۱ ار	۱۱ ار		۹ ار	
کوجئی	۰	۰	۸ ار	۷ ار		۷ ار	
عدس	۸ ار	۰	۰	۰		۷ ار	
ارہر	۰	۹ ار	۱۰ ار	۰		۱۰ ار	
برنج	۲ ار	[illegible]	۳ ار	۳ ار		۳ ار	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۰	۲ چھٹانک	۳ ار		۰	
روغن سیاہ	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار		۱ ار	
روغن کنجد	۱ ار	۱ ار	۰	۱ ار		۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار		۱۱ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۶ ار	۶ ار	۵ ار		۵ ار	
قند سیاہ	۲ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار		۳ ار	
باجرہ	۷ ار	۰	۰	۶ ار		۰	